**16.05.2026**

**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ...................... ماجدعلی

**Music**

---

☆ وزیراعظم نریندر مودی آج نیدرلینڈس کے اپنے ہم منصب Robb Jetten کے ساتھ باہمی بات چیت کریں گے اور شاہ Willem-Alexander اور رانی Maxima سے ملاقات کریں گے۔

☆ سیمی کنڈکٹر چپس اور AI اور باہمی تجارت کے شعبوں سمیت کئی اہم سمجھوتوں پر دستخط کئے جانے کی توقع ہے۔

☆ مغربی بنگال کی سرکار نے 2011 کے بعد سے جاری کئے گئے ذات کے سرٹیفکٹ کی پھر سے جانچ کے احکامات جاری کئے ہیں۔

☆ CBSE نے بارہویں کلاس کے طلباء کیلئے سوالوں کے جواب کے پرچوں کی دو سطح پر مشتمل پھر سے جانچ کا اعلان کیا ہے۔

☆ فوج کے سربراہ جنرل دِویدی نے پاکستان کو خبردار کیا ہے کہ وہ بھارت کے خلاف دہشت گردوں کو پناہ دینا اور سرگرمیاں ختم کرے۔

☆ اور بیڈمنٹن میں، ساتوک اور چراغ کی بھارت کی جوڑی تھائی لینڈ اوپن کے فائنل میں پہنچ گئی ہے۔

---

**Music**

اب خبریں تفصیل سے............

**PM-NETHERLANDS VISIT**

وزیراعظم نریندر مودی آج دوپہر بعد نیدرلینڈس کے وزیراعظم Robb Jetten کے ساتھ باہمی بات چیت کریں گے اور عزت مآب شاہ Willem-Alexander اور رانی Maxima سے ملنے جائیں گے۔ یہ دورہ باہمی رشتوں سے آگے بہت اہمیت کا حامل ہے اور توقع ہے کہ اس کے ذریعہ حال ہی میں مکمل ہوئے بھارت-یوروپ آزادی تجارتی سمجھوتے کے

تناظر میں وسیع بھارت یوروپی یونین تعلقات وجود میں آئیں گے۔ اس سے قبل وزیراعظم کے نیدرلینڈس پہنچنے پر نیدرلینڈس کے وزیر خارجہ نے اُن کا استقبال کیا۔ بھارتی برادری اور نیدرلینڈس کے گروپوں نے ثقافتی پروگرام اور موسیقی پیش کرکے اُن کا خیر مقدم کیا۔ مختلف عمر کے گروپوں، خطوں اور مذاہب پر مشتمل بھارتی برادری کے ممبران نے روایتی رقص اور موسیقی پیش کی۔

وزیراعظم مودی کے پہنچنے پر 'مودی مودی' اور 'وندے ماترم' کے نعروں سے فضا گونج اٹھی۔ وزیراعظم نے نیدرلینڈس میں بھارتی برادری کے ذریعہ اُن کے خیرمقدم کی کچھ جھلکیاں ساجھا کی ہیں۔ سوشل میڈیا کی ایک پوسٹ پر جناب مودی نے کہا کہ اُن کا استقبال شاندار طریقے سے کیا گیا اور جس میں کتھک، اُڈیسی، بھرت ناٹیم، کُچی پوڑی اور Mohiniyattam اور گربا رقص بھی شامل تھا۔ وزیراعظم بھارتی برادری سے خطاب کریں گے اور نیدرلینڈس کے تجارتی لیڈروں سے بات چیت کریں گے۔ یہ تقریب وزیراعظم کے نیدرلینڈس کے دورے کا ایک اہم حصہ ہوگی۔ اس تقریب میں بھارت اور نیدرلینڈس کے رشتوں، بھارتی برادری کے رول اور بھارت کی پوری دنیا میں پہنچ پر خاص توجہ دی جائے گی۔

پیش ہے ایک رپورٹ۔ V-C Sushrut Sharma

*وزیراعظم نریندر مودی بھارتی برادری اور نیدرلینڈس کی سرکردہ کمپنیوں کے CEOs سے خطاب کریں گے۔ سیمی کنڈکٹر چپس اور AI جیسے شعبوں میں کئی اہم سمجھوتوں پر دستخط کئے جانے کا امکان ہے، جس میں نیدرلینڈس کو عالمی رہنما کی حیثیت حاصل ہے۔ تجارتی نقطۂ نظر سے نیدرلینڈس بھارت کا ایک اہم شراکت دار اور برآمداتی وسرمایہ کاری کے بڑے مرکزوں میں سے ایک ہے۔ دونوں ملکوں کے درمیان پانی کے بندوبست، قابل تجدید توانائی، ماحول کیلئے سازگار ہائیڈروجن، معیشت ، زرعی ٹیکنالوجیز اور صحت کے شعبوں میں مضبوط شراکت داری رہی ہے۔*

*Shushrut شرما کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں......*

**PM-IRAQ**

وزیراعظم نریندر مودی نے جناب Ali Falih Kadhim Al Zaidi کو عراق کے وزیراعظم کا عہدہ سنبھالنے پر مبارکباد دی ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب مودی نے کہا کہ بھارت عراق کے ساتھ طویل عرصے سے چلے آرہے اپنے دوستانہ تعلقات کو بڑی اہمیت دیتا ہے اور اُس نے تمام شعبوں میں باہمی رشتوں کو مزید مستحکم اور مضبوط کرنے کا تہیہ کر رکھا ہے۔ وزیراعظم نے یہ بھی کہا کہ وہ دونوں ملکوں کی خوشحالی اور ترقی کیلئے مل کر کام کرنے کے منتظر ہیں۔×

**SHAH DRUG SEIZURE**

بھارت کے اداروں نے پہلی بار 182 کروڑ روپے مالیت کی Captagon منشیات کو قبضے میں لیا ہے۔ وزیرداخلہ

امت شاہ نے یہ جانکاری دی اور یہ بھی کہا کہ سرکار نے بھارت کو منشیات سے پاک ملک بنانے کا تہیہ کررکھا ہے۔

جناب امت شاہ نے کہا کہ مغربی ایشیا جانے والی منشیات کو قبضے میں لینے اور اِس سلسلے میں ایک غیرملکی شخص کی گرفتاری اِس بات کی درخشاں مثال ہے کہ ہم ملک میں منشیات کو کسی بھی حالت میں برداشت نہیں کریں گے۔ اُنھوں نے یہ بھی کہا کہ سرکار ملک میں ایک گرام بھی نشہ آور اشیاء نہ تو آنے دے گی اور نہ اپنے علاقے سے گزرنے دے گی۔ مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے منشیات کے کنٹرول سے متعلق شعبے کے جانباز اہلکاروں کو مبارکباد دی۔×

## RAJNATH-HEAVY RAINS

وزیر دفاع راجناتھ سنگھ نے اترپردیش اور ملک کے کئی دیگر حصوں میں پچھلے کچھ دنوں کے دوران تیز بارش اور آندھی میں ہوئے جانی نقصان پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ سوشل میڈیا کی ایک پوسٹ پر جناب سنگھ نے متاثرہ کنبوں کو تعزیت پیش کی۔ انہوں نے کہا کہ مرکزی حکومت خراب موسم سے متاثرہ ریاستوں کو ہرممکن مدد کررہی ہے۔×

## WB-CASTE CERTIFICATES

مغربی بنگال کی سرکار نے 2011 سے جاری کئے گئے ذات پات سے متعلق تمام سرٹیفکیٹ کی پھر سے تصدیق کا حکم دیا ہے۔ حکام کا کہنا ہے کہ گزشتہ 14 برس کے دوران جاری کئے گئے اِن دستاویزات کے جواز اور اصلیت کے بارے میں سوالات اُٹھائے جاتے رہے ہیں۔ سرکاری ریکارڈ کے مطابق اِس عرصے کے دوران درج فہرست ذاتوں، قبیلوں اور دیگر پسماندہ طبقوں کو ذاتوں کے بارے میں لگ بھگ ایک کروڑ 69 لاکھ سرٹیفکیٹ جاری کئے گئے ہیں۔ اِن میں سے بہت سے سرٹیفکیٹ Duare Sarkar کیمپ کی توسط سے تقسیم کئے گئے۔ سب ڈویژنل افسر اور ضلع سطح کے اہلکار ہر سرٹیفکیٹ کی جانچ کریں گے۔ اگر یہ ثابت ہوا کہ کوئی بھی سرٹیفکیٹ غلط جانکاری یا بے قاعدگی سے جاری کیا گیا ہے تو قانون کے مطابق اُسے منسوخ کردیا جائے گا۔ حال ہی میں ووٹر فہرستوں کی خصوصی نظرثانی کے دوران، جن افراد کے نام حذف کردیئے گئے ہیں، اُن پر بھی اِس ہدایت کا اطلاق ہوگا۔ اُن کے اور اُن کے زیرکفالت افراد کے ذات سے متعلق سرٹیفکیٹس کا بھی جائزہ لیا جائے گا اور اگر ضروری ہوا تو اُنہیں منسوخ کردیا جائے گا۔×

## CBSE POST RESULT

ثانوی تعلیم کے مرکزی بورڈ CBSE نے 12ویں جماعت کے طلبا کے امتحانات کے نتائج کے اعلان کے بعد ایک نوٹس جاری کیا ہے، جس سے امتحانات کے عمل میں منصفانہ طور طریقوں اور شفافیت کی تصدیق ہوتی ہے۔ نوٹس میں کہا گیا ہے کہ جو طلبا اپنے نتائج سے مطمئن نہیں ہیں، وہ دو مرحلوں والے نظرثانی نظام سے فائدہ اُٹھا سکتے ہیں۔ پہلے مرحلے میں طلبا آن

لائن اپنے Scaaned شدہ نقول کے لیے آن لائن درخواست دے سکتے ہیں، جنہیں جائزے کے لیے ڈاؤن لوڈ کیا جا سکتا ہے۔ دوسرے مرحلے میں طلبا کسی بھی فرق یا غلطی کی تصدیق کرا سکتے ہیں یا مارکنگ اسکیم کی بنیاد پر مخصوص جوابات کی دوبارہ جانچ کیلئے درخواست دے سکتے ہیں۔

CBSE کے مطابق، اسکین شدہ نقول کے لیے آن لائن درخواستیں اس ماہ کی 19 سے 22 تاریخ تک جمع کرائی جا سکتی ہیں، جس کی فیس 700 روپے فی مضمون مقرر کی گئی ہے۔ اسی طرح تصدیق اور دوبارہ جانچ کے لیے درخواستیں اس ماہ کی 26 سے 29 تاریخ کے درمیان جمع کرائی جا سکیں گی۔x

**AP-TIPPER LORRY**

آندھراپردیش کے Kakinada ضلع میں آج صبح ایک تیز رفتار لاری مزدوروں کے ایک گروپ میں جا گھسی، جس کے سبب 6 خواتین مزدوروں کی موت ہوگئی۔ Kakinada روَرل منڈل کے Kovvuru پُل کے قریب یہ حادثہ اُس وقت پیش آیا جب کام کی جگہ جانے کیلئے مزدور سڑک پار کررہے تھے۔ چار خواتین کی جائے حادثہ پر ہی موت ہوگئی، جبکہ دو دیگر نے Kakinada کے اسپتالوں میں علاج کے دوران دَم توڑ دیا۔ پولیس نے لاشوں کو پوسٹ مارٹم کیلئے بھیج دیا ہے اور کیس درج کرلیا ہے۔ ابتدائی تحقیقات سے پتہ چلا ہے کہ یہ لاری بہت تیز رفتار سے جارہی تھی، جب اُس نے مزدوروں کو ٹکر ماری۔ حادثے پر دکھ کا اظہار کرتے ہوئے نائب وزیراعلیٰ کے-پَون کلیان نے متاثرہ کنبوں کو تعزیت پیش کی۔ انہوں نے کہا کہ ریاستی سرکار مرنے والوں کے کنبوں کو چار لاکھ روپے کا معاوضہ دے گی۔x

**JAIPUR CENSUS**

2027 کی مردم شماری کے مطابق آج سے راجستھان میں گھرگھر جاکر اعدادوشمار جمع کرنے کا سلسلہ شروع ہوگیا ہے۔ اِس مرحلے میں پہلے پوری ریاست میں مکانوں کی گنتی اور اُن کی فہرست بندی کی جائے گی اور یہ کام جون کی 14 تاریخ تک جاری رہے گا۔ اِس کام کے دوران مکانوں میں استعمال ہونے والے میٹریَل اور وہاں دستیاب سہولیات کے بارے میں 33 سوالات پوچھے جائیں گے۔ اِسی دوران اقتصادیات اور اعدادوشمار کے شعبے کے ڈائریکٹر Vinesh Singvi نے بتایا کہ خود اپنے طور پر یہ عدادوشمار فراہم کرنے کا سلسلہ، جو ریاست میں پہلی مئی کو شروع ہوا تھا، کل ختم ہوگیا۔x

**ROBERT VADRA BAILL**

دلی کی ایک عدالت نے کاروباری رابرٹ واڈرا کو کالے دھن کو جائز بنانے کے معاملے میں ضمانت دے دی ہے۔ اِس معاملے کا تعلق گروگرام کے Shikohpur گاؤں میں 2008 کے ایک آراضی سودے سے ہے۔ اِس معاملے کی اگلی

ساعت جولائی کی 10 تاریخ کو ہوگی۔ رابرٹ واڈرا سمن جاری کئے جانے کے بعد راؤز ایوینیو عدالت میں پیش ہوئے۔ تین اعشاریہ پانچ-تین ایکڑ آراضی کے اِس سودے میں مبینہ طور پر بے قاعدگیاں برتی گئی تھیں۔×

## DWIVEDI-SENA SAMVAD

بھارتی فوج کے سربراہ جنرل اُپیندر دِویدی نے آج کہا ہے کہ پاکستان کو دہشت گردوں کو پناہ دینا اور بھارت کے خلاف کارروائیاں بند کرنا ہوں گی۔ نئی دلّی میں سینا سَمواد میں خطاب کرتے ہوئے جناب دِویدی نے کہا کہ اگر پاکستان بھارت کے خلاف اس طرح کی سرگرمیاں جاری رکھتا ہے، تو انہیں یہ فیصلہ کرنا ہوگا کہ کیا پاکستان دنیا کے نقشے کا حصہ بنا چاہتا ہے۔

**Byte: General Upendra Dwivedi**

## TRIPURA SECURITY

وزارت داخلہ نے تریپورہ میں نظم وضبط کے فریم ورک کو مضبوط کرنے کی غرض سے ایک اہم قدم اٹھاتے ہوئے، ایک اضافی بھارتی ریزرو بٹالین کو سرکاری طور پر منظوری دی ہے۔ مرکز نے اس کے قیام کیلئے 50 کروڑ اور بنیادی ڈھانچے کی ترقی کیلئے 30 کروڑ روپے تک کی مالی امداد کو منظوری دی ہے۔ یہ نئی یونٹ، جو سازوسامان کیلئے فیڈرل ضابطوں پر عمل کرتی ہے، اس کی اہم توجہ سرحد کی حفاظت کرنا اور شورش کی سرگرمیوں کو روکنے پر رہے گی، جبکہ ملک میں کہیں بھی اس کو تعینات کرنے کی اتھارٹی مرکز کے پاس رہے گی۔×

## BADMINTON

بھارت کی Satvik Sairaj رنکی ریڈی اور چراغ شیٹی کی جوڑی تھائی لینڈ اوپن بیڈمنٹن میں مردوں کے ڈبلز کے فائنل میں پہنچ گئی ہے۔ اُنہوں نے آج بینکاک میں سیمی فائنل میں ملیشیا کے Goh Sze Fei اور Nur Izzuddin کو ہرایا۔ بھارت کی جوڑی نے 82 منٹ میں ملیشیا کی جوڑی کو اُنیس-اکیس، بائیس-بیس اور اکیس-سولہ سے ہرایا۔ 2019 اور 2024 میں کامیابی کے بعد بھارت کی اِس جوڑی کا یہ اِس سیزن کا پہلا فائنل اور ٹورنامنٹ کا تیسرا فائنل ہے۔

فائنل میں بھارت کی جوڑی کا انڈونیشیا کے Leo Rolly Carnando اور Daniel Marthin یا چین کی جوڑی He Ji Ting اور Pen Xiang Yu سے سامنا ہوگا۔×

## SIKKIM STATEHOOD

سکم آج اپنا یومِ تاسیس منا رہا ہے۔ 1975 میں بادشاہت کے ختم ہونے کے بعد یہ بھارت کی 22 ویں ریاست بنی

تھی۔ نائب صدر جمہوریہ اس اہم تقریب میں شرکت کریں گے۔ گورنر اوم پرکاش ماتھر، وزیراعلیٰ پریم سنگھ Tamang Golay، شمال مشرقی خطّے کی ترقی کے مرکزی وزیر جیوتر آدتیہ سندھیا بھی اس تقریب میں شرکت کریں گے۔ تقریب کے دوران نائب صدر جمہوریہ شمال مشرقی ریاستوں کی ترقی کے کئی پروجیکٹوں کو لانچ کریں گے اور سنگ بنیاد رکھیں گے۔×

**TRUMP-TAIWAN**

امریکہ کے صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے چین سے آزادی کا اعلان کرنے پر تائیوان کو خبردار کیا ہے۔ تائیوان کے صدر Lai Ching-te نے کہا تھا کہ تائیوان کو آزادی کا اعلان کرنے کی ضرورت نہیں ہے، کیونکہ وہ پہلے ہی اپنے آپ کو ایک خود مختار ملک تصور کرتا ہے۔ امریکہ، قوانین کے تحت دفاعی سازوسامان کے ذریعہ تائیوان کی حمایت کرتا رہا ہے اور اُس نے چین کے ساتھ سفارتی تعلقات بھی برقرار رکھے ہیں۔ ٹرمپ نے، اس سے قبل کہا تھا کہ انہوں نے اس خود مختار جزیرے نما ملک سے متعلق کوئی وعدہ نہیں کیا تھا۔ چین، تائیوان کو اپنا حصہ بتاتا ہے۔ امریکہ نے کہا ہے کہ وہ تائیوان کی آزادی کی حمایت نہیں کرتا اور ایک چین پالیسی کے تحت، چین کے ساتھ سفارتی تعلقات برقرار رہیں گے۔×

**PRAGGANANDHAA-CHESS**

بھارت کے گرینڈماسٹر R.Praggnandhaa نے عالمی چمپئن شپ کے چیلنجر Javokhir Sindarov کو Bucharest میں گرانڈ چیس ٹور کے دوسرے راؤنڈ میں ہرادیا ہے۔ Praggnandhaa نے اُزبیکستان کے عالمی چمپئن شپ کے چیلنجر کے خلاف کالے مہروں کے ساتھ کھیلتے ہوئے گیم جیتا۔ Praggnandhaa نے ابتدائی راؤنڈ میں علی رضا فیروزجا کے خلاف گیم ڈرا کیا تھا۔×

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆